57th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

جلد نمبر 57 | Friday 19th December 2025 | ۱۹ دسمبر ۲۰۲۵ بروز جمعۃ المبارک بمطابق ۲۷ جمادی الثانی ۱۴۴۷ | صفحات : 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 348 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net



### ایشان کی سنچری کے ساتھ واپسی

ایشان کشن کی شاندار سنچری (۱۰۱) اور کمار کشاگر کی جارحانہ نصف سنچری (۸۱) کی بدولت جھارکھنڈ نے سید مشتاق علی ٹرافی کے فائنل میں ہریانہ کو جیت کے لیے ۲۶۳ رنز کا بڑا ہدف دیا۔ ٹاس جیت کر ہریانہ نے پہلے بولنگ کا فیصلہ کیا، تاہم جھارکھنڈ نے ۲۰ اوورز میں تین وکٹوں کے نقصان پر ۲۶۲ رنز بنا ڈالے۔ (تفصیلات اندر)



### سمراٹ پانچ بہترین شوٹرز میں

انٹرنیشنل شوٹنگ اسپورٹ فیڈریشن نے قاہرہ میں منعقدہ ورلڈ چیمپئن شپ ۲۰۲۵ میں سونے کا تمغہ جیتنے والے ہندوستان کے ابھرتے ہوئے اسٹار سمراٹ رانا کو سال ۲۰۲۵ کے سیزن کے 'ٹاپ ۵' نشانہ بازوں کی فہرست میں شامل کرلیا ہے۔ یہ اعزاز ان کی اس تاریخی کارکردگی کا اعتراف ہے جس نے عالمی شوٹنگ برادری کو حیران کر دیا تھا۔ (تفصیلات اندر)




# لیفٹیننٹ گورنر کی یوٹی سطح کی سیکورٹی کانفرنس کی صدارت

## دہشت گردوں، سہولیت کاروں اور نظریاتی رہنماؤں کے خلاف مربوط کارروائی کی ضرورت پر زور دیا

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج جموں میں ڈی جی پیز، آئی جی پیز کانفرنس کے طرز پر یوٹی سطحی کانفرنس کی صدارت کی۔ اُنہوں نے اَپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کی قیادت میں یوٹی سطحی سیکورٹی کانفرنس دہشت گردی کے تمام پہلوؤں سے نمٹنے کے لئے حکومت کے مشترکہ اقدامات کو فروغ دینے کے لئے غور وخوض اور تعاون کے مرکز کے طور پر کام کرے گی۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ اس برس رائے پور میں ڈی جی پیز، آئی جی پیز کانفرنس کے دوران 'وکست بھارت: سکیورٹی کے جہت' کے موضوع پر تفصیلی اور جامع بحث وتمحیص ہوئی جو مرکزی حکومت کے عزم کی عکاسی کرتی ہے کہ ہماری پولیسنگ اداروں کو ایک تیزی سے بدلتی دنیا کی ضروریات کے مطابق ڈھالا جائے۔ منوج سنہا نے دہشت گردوں، ان کے سہولیت کاروں اور نظریاتی حامیوں کے خلاف مربوط کارروائی کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ان کے پورے نیٹ ورک اور محفوظ پناہ گاہوں کا خاتمہ کیا جا سکے۔ اُنہوں نے کہا،"2019 کے بعد حاصل ہونے والی حقیقی سکیورٹی کامیابیوں کا ہر قیمت پر دفاع کیا جانا چاہیے اور وادی، جنگلات، پہاڑی علاقوں یا دیہات میں سرگرم ہر ایک دہشت گرد اور اس کے حامی کو غیر مؤثر بنایا جانا چاہیے۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ گزشتہ چھ برسوں میں ہم نے سیکورٹی نیٹ ورک کو مضبوط کیا ہے اور جموں و کشمیر پولیس، فوج، انٹلی جنس ایجنسیوں اور سینٹرل آرمڈ پولیس فورسز (سی اے پی ایفز) کی مشترکہ کوششوں سے دہشت گردانہ تشدد اور سرگرم دہشت گردوں کی تعداد میں نمایاں کمی آئی ہے۔ اُنہوں نے کہا،"مسلح دہشت گرد اور ان کے حامی، او جی ڈبلیوز اور وہ عناصر جو عام شہریوں کو خوفزدہ کرتے ہیں، سب کے ساتھ یکساں سلوک کیا جانا چاہیے۔ ہمیں یہ یقینی بنانا چاہیے کہ وہ اپنی کارروائی کی بہت بھاری قیمت ادا کریں۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے اُبھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کی حکمت عملی، انٹلی جنس کی صلاحیتوں بڑھانے اور///1






# 21 دسمبر کو چلہ کلان کی آمد آمد پر 20 دسمبر کو برف باری

## کئی ہفتوں جاری خشک موسم کے تر بہ تر ہونے کے امکانات

سرینگر/ موسمی ماہرین کے مطابق بارش اور برف باری کی شدت 20 دسمبر کی رات سے 21 دسمبر کی سہ پہر تک زیادہ رہنے کی توقع ہے۔ 22 دسمبر کو بھی موسم ابر آلود رہنے اور بعض مقامات پر ہلکی بارش یا برف باری کے امکانات ظاہر کیے گئے ہیں، جبکہ 23 سے 29 دسمبر کے دوران موسم زیادہ تر جزوی یا عمومی طور پر ابر آلود رہنے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ 30 اور 31 دسمبر کو بھی بلند علاقوں میں ہلکی برف باری کا ایک اور سلسلہ متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ 21 دسمبر کو کپواڑہ، بانڈی پورہ اور گاندربل اضلاع کے کچھ بالائی علاقوں میں درمیانی سے بھاری برف باری ہو سکتی ہے۔ اس پیش نظر سیاحوں، مسافروں اور ٹرانسپورٹروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے سفر کی پیشگی منصوبہ بندی کریں اور انتظامیہ وٹریفک/2

# چک باونس ہونے پر ملزم کو

## ایک سال قید کی سزا کا حکم

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق جنوبی کشمیر کے پہاڑی ضلع شوپیاں کے بُنہ گام علاقے میں شہنواز احمد بٹ کو بشیر احمد بٹ ساکنہ بنہ گام شوپیاں نے ستمبر 2018ء میں پانچ لاکھ روپے کی چک جو جموں وکشمیر بینک برانچ کے نام تھی اجراء کی تاہم مذکورہ شہنواز احمد جب بینک پر پیسے نکالنے گیا تو چک بونس ہوئی۔ عدالت کا وقت ضائع کرنے اور قرض دار کو مالی دشواریوں سے دو چار کرنے کا مجرم قرار دیتے ہوئے ایک سال قید بامشقت اور دس ہزار روپے جرمانہ ادا کرنے کی سزا سنائی۔

# کپواڑہ میں UAPA کیس

## ملزم کی دو منزلہ رہائشی عمارت ضبط کر لی

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے ضلع کپواڑہ میں غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون (یو اے پی اے) کے تحت درج ایک مقدمے کے سلسلے میں ایک ملزم کی دو منزلہ رہائشی عمارت کو ضبط کرلیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق یہ کارروائی قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے اعلیٰ سطحی منظوری کے بعد انجام دی گئی۔ پولیس کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ ضبط کی گئی جائیداد ولی محمد میر ولد محمد صادق میر ساکنہ مرسری/3

# افغانستان کے وزیر بھارت کے دورے پر

## کئی معاہدوں پر دستخط ہونے کے امکانات

سرینگر/ اے پی آئی/ افغانستان کے وزیر صحت نور جلال جلالی 17 دسمبر کو نئی دہلی کے تین روزہ دورے پر وارد ہوئے۔ ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات چیت کے دوران افغانستان کے وزیر صحت نے کہا کہ دونوں ممالک کے مابین بہتر تعلقات قائم ہو رہے ہیں اور افغانستان کے لوگوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں بھارت اپنی خدمات انجام دے سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں کئی ٹراما اور دیگر اسپتالوں کا قیام عمل میں لانے کیلئے بھارت کے ساتھ وہ بات چیت کرینگے اس کے علاوہ تعلیم، صحت، بجلی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سڑکوں کی تعمیر، ہیڈرل پروجیکٹوں کا قیام عمل میں لانے کیلئے دونوں/7

# جموں وکشمیر سرکار کے ریٹائرڈ ملازمین کیلئے سرکاری نوٹیفکیشن جاری

## پرائیویٹ کمپنی یا دفتر میں ملازمت کرنے سے پہلے پولیس کلیرنس حاصل کریں

سرینگر/ کے این ایس/ حکومت کی جانب جاری ایک نوٹیفکیشن میں ایسے ریٹائرڈ ملازمین جو جموں وکشمیر میں کسی بھی نجی کمپنی یا دفتر میں ملازمت اختیار کرنا چاہتے ہیں، کے لیے پولیس سے کلیئرنس حاصل کرنا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ جموں وکشمیر حکومت نے یہ ہدایت نجی دفاتر کو جاری کی ہے جو 60 سال کی عمر کے بعد ریٹائر ہونے والے سرکاری ملازمین کو نوکری فراہم کرتے ہیں۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق سیکورٹی کلیئرنس کا کام پولیس کے کرمنل انویسٹی گیشن ڈیپارٹمنٹ (CID) کو سونپ دیا گیا ہے۔ جموں وکشمیر انفارمیشن اینڈ پبلک ریلیشنز ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں یہ ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے:"اگر کسی ریٹائرڈ سرکاری ملازم کو کسی نجی شعبے میں کام کرنے کے لیے منتخب کیا جاتا ہے، تو نجی ادارے کے سربراہ کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ اس ملازم کے کیرکٹر (Character) اور پس منظر کی تصدیق کرائیں، جو کہ کرمنل انویسٹی گیشن ڈیپارٹمنٹ (CID) کے ذریعے کی جائے گی۔'' نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ اس ہدایت پر عمل کی خلاف ورزی کرنے والے ملازمین کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔/6

# سال 2025ء کیلئے جائیداد کی تفصیل درج کرنے کی ملازمین کو ہدایت

## یکم جنوری سے 31 جنوری 2026ء تک صرف آن لائن نظام کے تحت قبول

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر حکومت نے تمام سرکاری ملازمین کو ہدایت دی ہے کہ وہ سال 2025 کے لیے اپنے سالانہ جائیداد گوشوارے مقررہ مدت کے اندر لازمی طور پر جمع کرائیں۔ اس سلسلے میں حکومت کی جانب سے ایک باضابطہ سرکلر جاری کیا گیا ہے۔ سرکاری حکم نامے کے مطابق تمام پبلک سرونٹس یکم جنوری سے 31 جنوری 2026 تک آن لائن پراپرٹی ریٹرن سسٹم پورٹل کے ذریعے اپنے اثاثوں اور جائیداد سے متعلق تفصیلات درج کریں گے۔ حکومت نے واضح کیا ہے کہ گوشوارے صرف آن لائن نظام کے تحت ہی قابلِ قبول ہوں گے۔ حکام کے مطابق اس اقدام کا مقصد سرکاری نظام میں شفافیت، جوابدہی اور دیانت داری کو فروغ دینا ہے، تاکہ سرکاری ملازمین کے اثاثوں کا باقاعدہ ریکارڈ رکھا جا سکے۔ حکومت نے تمام محکموں کے سربراہان کو بھی ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے ماتحت عملے کی جانب سے مقررہ مدت میں گوشوارے جمع کرانے کو یقینی بنائیں۔ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ مقررہ تاریخ کے بعد جائیداد گوشوارے جمع نہ کرانے والے ملازمین کے خلاف قواعد وضوابط کے تحت کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔ اس لیے تمام ملازمین کو تاکید کی گئی ہے کہ وہ آخری تاریخ کا/5

# عمان کے سلطان نے وزیر اعظم کو

## اعلیٰ ترین اعزاز آرڈر آف عمان سے نوازا



مسقط، 18 دسمبر (یو این آئی) عمان نے وزیر اعظم نریندر مودی کو اپنے اعلیٰ ترین اعزاز آرڈر آف اومان سے نوازا ہے سلطان ہیثم بن طارق السید نے جمعرات کو مسقط میں وزیر اعظم مودی کو ایوارڈ پیش کیا مسٹر مودی عمان کے دو روزہ دورے پر ہیں۔ اس سے قبل ایتھوپیا نے بھی مسٹر مودی کو اپنے اعلیٰ ترین اعزاز سے نوازا تھا ہندوستان اور عمان نے مسٹر مودی اور سلطان السید کی موجودگی میں جامع اقتصادی شراکت داری کے معاہدے (سی ای پی اے) پر بھی دستخط کیے۔ اس معاہدے کو ہندوستان اور عمان کے درمیان مشترکہ مستقبل کے بلیو پرنٹ کے طور پر بیان کرتے/4

# ایک کروڑ پانچ لاکھ روپے مالیت کا مکان سر بمہر کر دیا گیا

## منشیات کے خلاف کارروائی کے تحت شالہ ٹینگ میں پولیس کا اقدام

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق شالٹینگ سرینگر میں پولیس نے ایگزیکٹیو مجسٹریٹ کی موجودگی میں بدنام زمانہ ڈرگ سمگلر کا دو منزلہ رہائشی مکان جس کی مالیت ایک کروڑ پانچ لاکھ روپے بتائی جارہی ہے سر بمہر کرلی۔ پولیس کی جانب سے جاری کئے گئے بیان کے مطابق گرفتار کئے گئے ڈرگ سمگلر کے خلاف ایف آئی آر زیر نمبر U/S 8/20, 2975/2025 این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت درج کر کے تحقیقات شروع کردی گئی جس کے دوران اس بات کی جانکاری ملی کہ مذکورہ ڈرگ سمگلر نے منشیات کی خرید وفروخت کر کے یہ جائیداد حاصل کی تھی۔ پولیس کے مطابق منشیات کے خلاف ان کی جنگ جاری رہے گی اور جو کوئی بھی اس بدعت میں ملوث ہوگا اُسے سلاخوں کے پیچھے دھکیل دیا جائیگا۔

# اہلکار بے ہوشی کی حالت میں پایا گیا

## ہسپتال میں مردہ قرار دیا گیا

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق 90 بٹالین سی آر پی ایف میں تعینات لکھوندر سنگھ ولد عجیب سنگھ ساکنہ پنجاب ریلوے اسٹیشن اننت ناگ پر بے ہوش پایا گیا۔ مذکورہ 55 سالہ سی آر پی ایف اہلکار کو اپنے ساتھیوں نے علاج کیلئے جی ایم سی اننت ناگ پہنچا دیا جہاں ڈاکٹروں نے معائنے کے دوران اُسے مردہ قرار دیا۔ پولیس نے نعش کو اپنی تحویل میں لیکر قانونی ضوابطے پورے کئے اور میت 90 بٹالین سی آر پی ایف کو سونپ دی۔ ڈاکٹروں کے مطابق سی آر پی ایف اہلکار دل کا دورہ پڑنے سے لقمہ اجل ہوا۔

# دہلی دھماکہ کیس میں ایک اور ملزم کی گرفتاری

سرینگر/ یو این آئی/ قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے دہلی کے تاریخی لال قلعہ کے قریب کار ہوئے کار دھماکے کے سلسلے میں ایک اہم ملزم یاسر احمد ڈار کو گرفتار کر کے تحقیقات میں اہم سنگِ میل عبور کرلیا ہے۔ گرفتار شدہ ملزم یاسر احمد ڈار ضلع شوپیان کا رہائشی ہے۔ این آئی اے نے اسے نئی دہلی سے گرفتار کیا ہے۔ این آئی اے کی ابتدائی تحقیقات کے مطابق یاسر احمد ڈار دھماکے کی سازش میں براہِ راست شامل تھا اور خودکش کارروائی کے لیے حلف بھی اٹھا چکا تھا۔ تحقیقات سے یہ بھی سامنے آیا ہے کہ یاسر نے دیگر مرکزی ملزمان، بشمول عمر النبی (جو دھماکے کا ذمہ دار تھا اور ہلاک ہوگیا) اور مفتی عرفان، کے ساتھ قریبی رابطہ رکھ کر سازش میں حصہ لیا۔ تحقیقاتی ایجنسی نے بتایا کہ مرکزی اور ریاستی اداروں کے تعاون سے دھماکے کی پوری سازش کو بے نقاب کرنے کے لیے مسلسل کارروائیاں کی جارہی ہیں۔

# "چلہ کلان" کے شاندار استقبال کیلئے "یوم فرن" کا اہتمام

## ہنڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم ڈیپارٹمنٹ کشمیر کے اہتمام سے 20 اور 21 دسمبر کو کشمیر ہاٹ میں جشن

سرینگر/ وادیٔ کشمیر میں 21 ردسمبر سے شروع ہونے والی شدید سردیوں کے 40 روزہ مدت 'چلہ کلاں' کے اِستقبال کی تیاری کر رہی ہے اور ہینڈی کرافٹس و ہینڈ لوم ڈیپارٹمنٹ کشمیر 21 ردسمبر کو منائے جانے والے یوم فیرن کے موقعہ پر 'جشنِ چلہ کلاں' کا اہتمام کر رہا ہے جو کشمیری ثقافتی ورثے کی ایک رنگا رنگ تقریب ہوگی۔ محکمہ کے ایک ترجمان نے تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ یہ دو روزہ تقریب 20 اور 21 ردسمبر کو کشمیر ہاٹ (نمائش گاہ) میں منعقد ہوگی جہاں کشمیری دستکاریوں کی نمائش کے لئے مخصوص سٹال لگائے جائیں گے۔ ان میں بالخصوص روایتی زری کڑھائی (تلّہ ورک) اور آری (ہک) کڑھائی کو نمایاں کیا جائے گا جو کشمیری دستکاری کی پہچان ہیں اور عموماً روایتی فیرن کی زینت بنتی ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ وادی بھر سے نامور کاریگروں کو مدعو کیا گیا ہے جو لائیو مظاہرے پیش کریں گے، ہاتھ سے کڑھے ہوئے فیرن، پشمینہ شالیں اور دیگر گرم ملبوسات کی نمائش کریں گے جس سے دیکھنے والے لوگ ان ماہر ہنرمندوں سے روبرو بات چیت کر سکتے ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ اس تقریب کا مقصد سردیوں کے سخت ترین مرحلے کے دوران کشمیری روایات کو اُجاگر کرنا ہے اور فیرن کی گرمائش ونفاست کو فروغ دینا ہے جو کشمیر کا روایتی ڈھیلا ڈھالا لباس ہے اور سخت سردی میں آرام فراہم کرتا ہے۔ اُنہوں نے کہا،"یہ تقریب 'چلہ کلاں' اور 'فیرن ڈے' کی ثقافتی اہمیت کو اُجاگر کرے گی اور مقامی لوگوں، سیاحوں اور دستکاری کے شوقین افراد کو ایک جگہ جمع کرے گی تاکہ وہ کشمیر کی بھرپور فنی روایت کا مشاہدہ کر سکیں۔ وزیٹروں کو ایک تہوار جیسا ماحول ملے گا جہاں زری اور آری کڑھائی سے مزین سٹالز وادی کی ہینڈلوم اور کڑھائی کی دائمی وراثت کی عکاسی کریں گے۔'' اُنہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اس تقریب میں شرکت کریں اور مقامی کاریگروں کی حوصلہ افزائی کریں۔




# ہوائی اڈوں کے نزدیک پرندوں کے خطرات پر کریک ڈاؤن کا منصوبہ

## پرندوں کو راغب کرنے والی سرگرمیوں کو روکنے کیلئے دو کمیٹیاں تشکیل

سرینگر/ ہوائی سفر کو محفوظ بنانے کے اقدام میں، جموں و کشمیر حکومت نے انڈین ایئر کرافٹ رولز، 1937 کے قاعدہ 91 کے تحت ممنوع سرگرمیوں کی نگرانی اور ان کو منظم کرنے کے لیے دو کمیٹیاں تشکیل دی ہیں۔ حکومت نے رول 91 پر سختی سے عمل آوری کے لیے دو کمیٹیاں تشکیل دی ہیں، ایک ایک کشمیر اور جموں کے لیے، جو ہوائی اڈوں کے قریب ایسی سرگرمیوں پر پابندی لگاتی ہے جو پرندوں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہیں، کیونکہ یہ ہوائی جہاز پر خطرناک پرندوں کے ٹکرانے کا سبب بن سکتی ہیں۔ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے جاری کردہ ایک حکم کے مطابق جموں کے لیے کمیٹی کی سربراہی ڈویژنل کمشنر، جموں کر رہے ہیں، اور اس میں سول ایوی ایشن ڈیپارٹمنٹ کے انتظامی سیکرٹری شامل ہیں۔ ڈپٹی کمشنر، جموں؛ کمشنر، جموں میونسپل کارپوریشن؛ سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس، جموں؛ ڈائریکٹر، اربن لوکل باڈیز،/8

# کرن نگر میں آگ کی واردات رونما

## CRPF کی دو منزلہ عمارت خاکستر

سرینگر/ اے پی آئی/ ڈاؤن ٹاؤن سرینگر کے کرن نگر علاقے میں سی آر پی ایف کیمپ میں آگ کی واردات رونما۔ آگ بجھانے والے عملے نے بھروقت کارروائی کر کے آگ کو مزید پھیلنے سے روک دیا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق کرن نگر سرینگر کے علاقے میں اُس وقت سنسنی اور خوف ودہشت کا ماحول پھیل گیا جب 94 بٹالین سی آر پی ایف کی 2 منزلہ عمارت سے آگ نمودار ہوئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے آگ نے دو منزلہ عمارت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

